© rasailojaraid.com



# زبان میری ہے بات ان کی

- پاکستان میں "جہازوں" کی تعداد ۳۰ لاکھ سے تجاوز کر گئی۔ زیادہ عادی ہیروئن کے ہیں۔ (ایک خبر)

یہ جہاز ایف سولہ سے بھی زیادہ خطرناک ہیں۔

- پاکپتن بہشتی دروازہ کھل گیا۔ (ایک خبر)

جہالت اور کسے کہتے ہیں۔

- میں حسینی ملنگ ہوں۔ (بے نظیر)

پانی پانی کر گئی مجھ کو "چقندر" کی یہ بات
"یسنوں دھرتی قلعی کرادے میں نچاں ساری رات"

- مسجد بلال پر چھاپہ۔ پولیس جوتوں سمیت داخل ہوئی۔ مسجد سیل کر دی گئی۔ (ایک خبر)

قیام پاکستان کا مقصد پورا ہو گیا۔

- نومولود بچے چوری کرنے والی لیڈی ڈاکٹر کا گروہ گرفتار۔ (ایک خبر)

قوم کی خدمت کرنے کے دعوے دار گروہ کے کرتوت!

- پنجابیوں کی حرکتیں ہی ایسی ہیں، سندھی ان پر اعتماد نہیں کر سکتے۔ (حاکم علی زرداری)

عدم اعتماد والی "حرکت" نہیں بتائی۔

- ٹخنوں سے اونچی شلوار یا سر پر دوپٹہ اسلام نہیں۔ (مشیر اطلاعات مشاہد حسین)

رسول پاک ﷺ کے اقوال کی توہین کرنے والے پر لعنت بے شمار بکار ثواب!

- کپڑا بنانے والی ملز کی ناپاک جسارت۔ اسم اللہ کا ڈیزائن کپڑے پر پرنٹ کر دیا۔ (ایک خبر)

یہ اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے۔

- سعودی عرب میں تین پاکستانیوں کے سر قلم کر دیئے گئے (ایک خبر)

ہماری حکومت کا کام سعودی حکومت کر رہی ہے۔

- پیپلز پارٹی کرپشن کے خلاف سیمینار منعقد کرے گی (ایک خبر)

حیرت ہے۔

- اداکاراؤں سے کوئی تعلق نہیں۔ (احمد مختار)

صرف ان کے حسن پر مرتے ہیں

- پولیس کرپٹ ہے۔ اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔ (مشاہد حسین)

محکمہ ختم کر دیں۔ امن ہو جائے گا۔

- نور جہاں کو دل کا دورہ (ایک خبر) "دل دیا بھول ہوئی"۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

- بنک کسی کو ایک لاکھ سے زیادہ کیش دیں تو پولیس کو بتائیں (ایس ایس پی ذوالفقار)

اگر پھنا ہو تب بھی نہ بچیں!

- کرپٹ بیورو کریسی نے ملک سے فرار کی کوششیں تیز کر دیں۔ (ایک خبر)

اللہ کی پکڑ سے کوئی فرار حاصل کر سکتا ہے؟

- پیٹی اترنے لگتی ہے تو پولیس والے معافی مانگ لیتے ہیں۔ (ہائیکورٹ)

پولیس کے مظالم ناقابلِ معافی ہیں۔

- بے نظیر بہادر خاتون ہیں۔ (حاکم علی زرداری)

آپ ٹھیک ہی کہتے ہیں۔

- منگو پیر جانے والی عارفوالا کی دو خواتین قتل (ایک خبر)

پیر صاحب انہیں نہ بچا سکے!

- صدر لغاری کے کزن کے داماد پر نہری پانی چوری کرنے کا الزام (ایک خبر)
- شیر باز مزاری کے بیٹے نے فروخت شدہ اراضی پر دوبارہ قبضہ کر لیا (دوسری خبر)

یہ ہیں قوم کے نجات دہندہ

- جمیعت علماء اسلام نے انتخابی سیاست چھوڑنے کا اعلان کر دیا۔ (مولانا فضل الرحمن)

ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا۔

- مولانا فضل الرحمن میری فلاحی تنظیم "تحریک مساوات" میں شامل ہو جائیں (مسرت شاہین)

خو! بے شرمی والا باتاں مت کرو

- کیوں نہ قاضی کو سیکس اسکینڈل سیل کا انچارج بنا دیا جائے (بے نظیر)
- عورت فحش کلامی پر اتر آئے تو شریف آدمی کو چپ رہنا چاہیے۔ (قاضی حسین احمد)
- سیاست میں تمام برائیاں ضیاء الحق نے پیدا کیں (اسلم بیگ)

اس وقت آپ پکوڑے بیچ رہے تھے؟

- الیکشن سے تھک گئے ہیں۔ اب پاکستان میں بھی طالبان آئیں گے۔ (بے نظیر)

آمین، آمین، ثم آمین۔ طالبان...... اہلاً و سہلاً مرحبا

- پنجاب میں چار ماہ کے دوران ۱۴۹۷ افراد کا قتل (ایک خبر)

حکمرانی طبقہ ذمہ دار ہے۔ اللہ کے ہاں آئیں بائیں شائیں نہیں چلے گی۔

- پاکستان بننے کا نقصان یہ ہوا کہ کلرک کا بیٹا وفاقی سیکرٹری بن گیا۔ (حاکم علی زرداری)

لیکن آپ کو تو کوئی نقصان نہیں ہوا۔

- رشوت خور تھانیدار کو عدالت میں ہتھکڑیاں لگ گئیں۔ (ایک خبر)

تعجب کی بات ہے!

- بہشتی دروازے سے گزرنے والے تین افراد بے ہوش (ایک خبر) "بہشت" میں پہنچ گئے۔



© rasailojaraid.com